رہبر معظم نے میجرجنرل محمد پاکپور کوسپاہ پاسداران کی بری فوج کا سربراہ مقرر کیا ہے - 14 /Mar/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں میجرجنرل محمد پاکپور کوسپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کی بری فوج کا سربراہ مقررکیا ہے۔

رہبر معظم کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میجرجنرل محمد پاکپور، آپ کوسپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کے کمانڈر کی تجویز اور ماضی میں گرانقدر خدمات اور مؤثر تجربات کی بنا پر سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کی بری فوج کا سربراہ مقرر کرتا ہوں۔

متعہد افراد اور تخلیقاتی طریقوں سے استفادہ ،جدید ٹیکنالوجی سے بہرہ مندی اور سپاہ کی کارکردگی کو بہتر و مؤثربنانے کی آپ سےتوقع کی جاتی ہے۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے سب کی توفیقات کا طالب ہوں۔

سید علی خامنہ ای

23/12/88